کمیٹی برائے انسدادِ جدید غلامی سے رابطہ کرنے کے متعلق راہنمائی

گائیڈ

نیو ساؤتھ ویلز پارلیمنٹ کی کمیٹی برائےانسدادِ جدید غلامی اُن افراد کی رائے لینا چاہتی ہے جنہوں نے جدید غلامی جیسے حالات کا سامنا کیا ہو۔

یہ معلوماتی گائیڈ اُن لوگوں کی مدد کے لیے تیار کی گئی ہے جو کمیٹی سے مل کر جدید غلامی سے متعلق اپنے تجربات بیان کرنا چاہتے ہیں۔

جدید غلامی کیا ہے؟

جدید غلامی کی اصطلاح نیو ساؤتھ ویلز میں مختلف جرائم کے لئے استعمال ہوتی ہے، جن میں جبری شادی، جبری مشقت، غلامی، جنسی غلامی، انسانی اسمگلنگ، قرض کے جال میں پھنسانا، دھوکہ دہی سے نوکری کے جال میں پھنسانا، اعضاء وغیرہ کی اسمگلنگ، اور بچوں کا آن لائن جنسی استحصال شامل ہیں۔

پارلیمنٹ اور کمیٹی کے بارے میں معلومات

نیو ساؤتھ ویلز کی پارلیمنٹ عوام کی نمائندگی کرتی ہے، قوانین بناتی ہے اور حکومت کے اقدامات کا جائزہ لیتی ہے۔ اسی طرح کمیٹی برائے انسداد جدید غلامی ایک پارلیمانی کمیٹی ہے جو حکومتی اور اپوزیشن جماعتوں کے مختلف اراکین پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس کا مقصد جدید غلامی کے مسئلہ کو حل کرنے اور اس کی روک تھام کے لیے نیو ساؤتھ ویلزکی حکومت کو سفارشات فراہم کرنا ہے۔

آپ کس طرح اس میں حصہ لے سکتے ہیں؟

آپ ہمیں مل کر اپنا تجربہ ہمارے ساتھ شیئر کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرنا چاہتے ہیں تو براہ کرم درج ذیل ایڈریس پر ای میل کریں :
modern.slavery@parliament.nsw.gov.au

براہ کرم اپنا پورا نام، اپنا رابطہ نمبر اور اپنے تجربہ کے بارے میں چند اہم حقائق ضرورشامل کریں۔ یا ہمیں 02 9230 3081 پر کال کریں۔

اگر آپ چاہیں تو آپ اپنے تجربات اور خیالات ہمیں ایک مختصر ای میل یا خط کے ذریعے بھیج کر شیئر کر سکتے ہیں۔ ہم اس عمل کو 'سبمیشن' کہتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، ہماری گائیڈ برائے سبمشن دیکھیں ۔

کیا اپنی شناخت ظاہر کئے بغیر اس عمل میں حصہ لیا جا سکتا ہے؟

اگر آپ چاہیں تو آپ کے پاس بغیر اپنی شناخت ظاہر کیے حصہ لینے کا موقع موجود ہے۔

اگر آپ کمیٹی سے ملاقات کر کے بات کرنا چاہتے ہیں تو آپ کے پاس اختیار ہے کہ آپ گفتگو خفیہ طورپرکریں یا لوگوں کی موجودگی میں۔ اگر آپ تحریری طور پر کمیٹی کو کچھ بھیجنا چاہیں تو آپ کی مرضی کے مطابق آپ کی سبمشن کو مکمل طور پر خفیہ رکھا جا سکتا ہے، جزوی طور پر شائع کیا جا سکتا ہے، یا مکمل طور پر ہماری ویب سائٹ پر شائع کیا جا سکتا ہے۔

جو معلومات آپ عوامی طور پر شیئر کریں گے، وہ کمیٹی کے ویب پیج پر شائع کی جائیں گی اور کمیٹی کی رپورٹ میں شامل ہو سکتی ہیں، جو آن لائن بھی دستیاب ہوں گی۔

مزید معلومات :

موجودہ تحقیقات سے متعلق معلومات کے لیے ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔
ترجمے میں مدد کے لیے کمیٹی کے عملے سے رابطہ کریں۔

(02) 9230 3081
www.bit.ly/ms-committee
modern.slavery@parliament.nsw.gov.au

PARLIAMENT NSW

گائیڈ

کمیٹی برائے انسدادِ جدید غلامی سے رابطہ کرنے کے متعلق راہنمائی

اگلا مرحلہ کیا ہوگا؟

اگر آپ نے کمیٹی سے ملاقات میں دلچسپی ظاہر کی ہے تو سیکریٹریٹ آپ سے رابطہ کرے گا تاکہ آئندہ مراحل پر بات کی جا سکے۔
اگر آپ نے سبمیشن جمع کروائی ہے تو سیکریٹریٹ اسے پڑھ کر آپ سے رابطہ کرے گا تاکہ کسی بھی خفیہ معلومات سے متعلقہ امور پر بات کی جا سکے۔ اس کے بعد آپ کی سبمیشن کمیٹی کو فراہم کی جائے گی۔

کمیٹی کو اس سارے عمل سے کیا حاصل ہوگا؟

کمیٹی ایسے افراد کے تجربات کا جائزہ لے گی جنہوں نے جدید غلامی جیسے حالات کا سامنا کیا ہو اور پھر نیو ساؤتھ ویلز حکومت کو سفارشات پیش کرے گی کہ جدید غلامی جیسے جرم کی روک تھام کے لئے قوانین اور پالیسیوں کو مستقبل میں کیسے بہتر بنایا جا سکتا ہے۔
تاہم کمیٹی انفرادی کیسز کی تحقیقات کرنے یا انہیں حل کرنے کی مجاز نہیں ہے۔

کیا اس سلسلہ میں معاونت دستیاب ہوگی؟

ہم جانتے ہیں کہ جدید غلامی کے بارے میں بات کرنا بعض افراد کے لیے مشکل ہو سکتا ہےاسی لئے ہم ایسے افراد کی معاونت کے لئے جو ہم سے بات کرنا چاہتے ہیں مختلف ذرائع فراہم کرتے ہیں ۔ آپ جب چاہیں، ہم سے اس بارے میں بات کر سکتے ہیں۔

کمیٹی کے ممبران کون ہیں؟

کمیٹی میں آٹھ اراکینِ پارلیمنٹ شامل ہیں:

- چیئر: Joe McGirr (آزاد، رکن قانون ساز اسمبلی)
- ڈپٹی: Jenny Leong (گرینز پارٹی، رکن قانون ساز اسمبلی)
- Tina Ayyad (لبرل پارٹی، رکن قانون ساز اسمبلی)
- Robert Borsak (شوٹرز، فشرز اینڈ فارمرز پارٹی، رکن قانون ساز کونسل)
- Greg Donnelly (آسٹریلین لیبر پارٹی، رکن قانون ساز کونسل)
- Sarah Kaine (آسٹریلین لیبر پارٹی، رکن قانون ساز کونسل)
- Aileen MacDonald (لبرل پارٹی، رکن قانون ساز کونسل)
- Lynda Voltz (آسٹریلین لیبر پارٹی، رکن قانون ساز اسمبلی)

سیکریٹریٹ کیا ہے؟

سیکریٹریٹ کمیٹی کی معاونت کرتا ہے اور آپ کے سوالات کے جوابات دے سکتا ہے۔
آپ ہم سے modern.slavery@parliament.nsw.gov.au پر ای میل کے ذریعے یا 02 9230 3081 پر کال کرکے رابطہ کر سکتے ہیں۔

رپورٹنگ، مدد، معاونت

جدید غلامی کی رپورٹ کرنے کے لیے:

- 1800 FREEDOM: نیو ساؤتھ ویلز کے اینٹی سلیوری کمشنر سے بصیغہ راز معاونت اور مدد حاصل کرنے کے لیے 1800 FREEDOM(1800 3733366) پر کال کریں یا antislavery@dcj.nsw.gov.au پر رابطہ کریں۔
- ایمرجنسی کی صورت میں:اگر آپ کو اپنی یا کسی اور کی حفاظت کے بارے میں فوری خطرہ ہو، تو فوراً ٹرپل زیرو (000) پر کال کریں۔

قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اطلاع دینے کے لیے:

- نیو ساؤتھ ویلز پولیس: 131 444 پر کال کریں
- کرائم سٹاپرز:1800 333 000 پر کال کریں یا آن لائن رپورٹ کریں
- آسٹریلین فیڈرل پولیس(AFP) : 131 237 (131AFP) پر کال کریں یا AFP کی ویب سائٹ www.afp.gov.au/report-crime پر جائیں۔

دیگر وسائل اور معاونت کی فہرست کمیٹی کے ویب پیج پر موجود ہیں۔

PARLIAMENT NSW